ایشیائی اقتصادی مذاکرہ 2025

19 فروری، 2025

ایشیائی اقتصادی مذاکرہ (اے ای ڈی) وزارت کا سالانہ مرکزی 'ٹریک 1.5 مذاکرہ ہے جس میں پوری توجہ جغرافیائی معیشت پر مرکوز ہوتی ہے اور اس دفعہ اس کا انعقاد پونے انٹرنیشنل سینٹر کے اشتراک سے کیا جاتا ہے۔

2. اس مذاکرے کا 9واں ایڈیشن مورخہ 20 تا 22 فروری 2025 مہاراشٹر کے پونے شہر میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ مذاکرے کے موجودہ ایڈیشن کا موضوع ہے "بکھراؤ کے دور میں معیشت میں لچک اور دوبارہ عروج"۔ اس مذاکرے میں جغرافیائی معیشت کے اہم عصری موضوعات کا جائزہ لیا جائے گا، جن میں مصنوعی ذہانت (AI) اور خودکار نظام، سائبر سیکیورٹی کے اقتصادی تقاضے، بحر ہند کے خطے اور اس کے ماسوا نیلی معیشت کے مختلف پہلو، بین الاقوامی مالیاتی نظام کو درپیش چیلنجز اور مواقع، مائیکرو، چھوٹے اور اوسط درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایم ایز) کی صلاحیت کو بروئے کار لانے کے طریقے، اور عالمی معیشت پر موسمیاتی تبدیلی کے اثرات، شامل ہیں۔ اس مذاکرے میں معاشی بکھراؤ کی پیچیدگیوں کو سمجھنے اور اس میں لچک اور دوبارہ عروج حاصل کرنے کے قابل عمل راستے تلاش کرنے کا ہدف بھی رکھا گیا ہے۔

3. اس دفعہ اے ای ڈی 2025 سیاسی قائدین اور سینئر سرکاری عہدیداروں کے علاوہ ہندوستان اور بیرون ملک سے تعلق رکھنے والے مختلف ماہرین تعلیم، پالیسی سازوں اور انڈسٹری کے ماہرین کو اکٹھا کرے گا، تاکہ آگے بڑھنے والے ایجنڈے پر غور و خوض کیا جا سکے۔

4. اے ای ڈی -2025 پر مزید معلومات کے لیے، براہ کرم وزٹ کریں- https://aed.puneinternationalcentre.org

نئی دہلی

19 فروری، 2025